

www.paksociety.com

بچوں کا محبوب رسالہ

تعلیم و تربیت

اکتوبر 2012ء

72واں سال چھٹا شمارہ | رکن آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ!

سعد جب بھی اپنے گھر آتا، گھر کی حالت دیکھ کر اداس ہو جاتا تھا۔ ایک تنگ سی گلی میں ان کا ایک چھوٹا سا پرانا گھر تھا۔ جس دن وہ اپنے دوست حمزہ کے نئے گھر جاتا تو اس کی اداسی مزید بڑھ جاتی تھی۔ ایک دن امی جان نے اسے اپنے پاس بلا کر کہا: ”آؤ، میں تمہیں شیخ سعدی شیرازی کی شاہ کار کتاب ”گلستانِ سعدی“ سے ایک حکایت سناتی ہوں، یہ حکایت صدیاں گزرنے کے باوجود آج بھی تر و تازہ ہے اور انسانوں کے لیے مشعلِ راہ ہے۔ سعدی لکھتے ہیں کہ میں ہمیشہ اللہ تعالیٰ کا شکر گزار بندہ بن کر رہا ہوں، کبھی ایسا نہیں ہوا کہ مصیبت کے وقت میری زبان پر حرفِ شکایت آیا ہو۔ ایک بار ایسا ہوا کہ میرا جوتا ٹوٹ گیا اور نیا جوتا خریدنے کے لیے میرے پاس پیسے نہ تھے۔ ننگے پاؤں ہونے کے باعث میں بہت پریشان تھا، اس سے قبل کہ میری زبان پہ ناشکری اور شکایت کے کلمات آتے، میری نظر ایک ایسے شخص پر پڑی جو دونوں پاؤں سے محروم تھا۔ اسے دیکھ کر بے اختیار میں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا کہ یہ بے چارہ تو دونوں پاؤں سے محروم ہے جب کہ میرے پاؤں تو سلامت ہیں۔ تم ان لوگوں کی طرف دیکھو جن کے پاس اپنے گھر نہیں ہیں، وہ کرائے کے گھروں میں رہنے پر مجبور ہیں جیسا بھی ہے، ہمارا گھر تو اپنا ہے۔“ امی جان کی بات سعد کی سمجھ میں آ گئی تھی۔ اس نے عزم کیا کہ وہ پڑھ لکھ کر اپنے گھر کی حالت بدلے گا۔ یاد رکھیے جو لوگ اپنے سے برتر کو دیکھتے ہیں وہ فکر میں مبتلا رہتے ہیں اور جو اپنے سے کم تر کو دیکھتے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں۔ آیئے اللہ کے شکر گزار بندے بن کر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی خوش نودی حاصل کریں۔

شہیدِ ملت لیاقت علی خان قائد اعظمؒ کے دستِ راست اور بااعتماد ساتھی تھے۔ آپ نے اپنی ساری زندگی پاکستان کے قیام و استحکام کے لیے وقف کیے رکھی۔ 16 اکتوبر 1951ء کو آپ راول پنڈی میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کر رہے تھے کہ اکبر نامی ایک شخص نے آپ کو گولی مار کر شہید کر دیا تھا۔ پاکستان کے لیے آپ کی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکے گا۔

اس ماہ کے آخر میں عیدالاضحیٰ منائی جائے گی۔ ہماری طرف سے عید کی پیشگی مبارک باد قبول کریں۔

اب آپ اس ماہ کا رسالہ پڑھیے اور اپنی آراء و تجاویز سے آگاہ کیجیے۔

خوش رہیں، شاد رہیں اور آباد رہیں۔

چیف ایڈیٹر	ایڈیٹر، پبلشر	اسسٹنٹ ایڈیٹر	مشیر	سرکولیشن اسسٹنٹ
عبدالسلام	ظہیر سلام	نذیر انبالوی	سعید لخت	محمد بشیر راہی

اس شمارے میں

اداریہ	ادارہ	1
حمد	کرامت بخاری	2
روشنی قرآن و حدیث سے	محمد طیب الیاس	3
[illegible]	علی اکمل تصور	4
[illegible]	[illegible]	8
[illegible]	[illegible]	12
[illegible]	[illegible]	13
[illegible]	ادارہ	15
آیئے [illegible] کریں	[illegible]	16
[illegible]	[illegible]	19
[illegible]	راشد علی نواب شاہی	22
[illegible]	[illegible]	25
[illegible]	ڈاکٹر طارق ریاض خان	29
[illegible]	ضیاء الحسن ضیا	32
[illegible]	محمد طارق [illegible]	33
[illegible]	[illegible]	37
[illegible]	غلام حسین میمن	40
کھیل اور کھلاڑی	نسرین شاہین	43
[illegible]	[illegible]	46
آپ بھی لکھیے	[illegible]	47
[illegible]	[illegible]	51
آپ کا خط	ننھے قارئین	55
[illegible]	[illegible]	57
[illegible] کی کہانی	نذیر انبالوی	60
[illegible]	ننھے مصور	64

اور بہت سے دل چسپ تراشے اور لطیفے
سرورق: بچوں کا انسائیکلوپیڈیا

خط و کتابت کا پتہ
ماہنامہ تعلیم و تربیت 32 ایمپرس روڈ، لاہور
042-111 62 62 62 Fax: 042-6278816
E-mail: tot.tarbiatfs@gmail.com
tot.tarbiatfs@live.com

پرنٹر: ظہیر سلام
مطبوعہ: فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، لاہور
سرکولیشن اور اکاؤنٹس: 60 شاہراہ قائد اعظم، لاہور

سالانہ خریدار بننے کے لیے سال بھر کے شماروں کی قیمت بذریعہ منی آرڈر یا بینک ڈرافٹ کی صورت میں سرکولیشن منیجر ماہنامہ ”تعلیم و تربیت“ 32 ایمپرس روڈ، لاہور کے پتے پر ارسال فرمائیں۔
فون: 36361309-36361310 فیکس: 6278816

پاکستان میں (بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک) = 500 روپے۔
مشرقِ وسطیٰ (ہوائی ڈاک سے) = 1500 روپے۔
ایشیا، افریقہ، یورپ (ہوائی ڈاک سے) = 1500 روپے۔
امریکا، کینیڈا، آسٹریلیا، مشرقِ بعید (ہوائی ڈاک سے) = 1500 روپے۔

قیمت فی پرچہ 25 روپے

WWW.PAKSOCIETY.COM

حمد

وہ خالق وہ مالک وہ سب سے بڑا
وہ سب سے الگ ہے، وہ سب سے جُدا

خدا سے فقط لو لگائے رہو
اُسی در پہ سر کو جھکائے رہو

کرو زندگانی میں اچھے عمل
تو ہو جائیں گی مشکلیں ساری حل

کتابِ الٰہی کو چھوڑو نہیں
ہدایت سے منہ اپنا موڑو نہیں

محبت کرو اور محنت کرو
بہادر بنو اور خدا سے ڈرو

جو دُنیا کے دھوکے میں آ جائے گا
وہ دھوکے پہ دھوکہ ہی کھا جائے گا

کرامت بخاری

WWW.PAKSOCIETY.COM

درسِ قرآن و حدیث

محمد طیب الیاس

قربانی

قربانی کا عبادات کے طور پر ادا کرنا اگرچہ حضرت آدم علیہ السلام کے زمانے سے ثابت ہے لیکن اس کی ایک خاص شان حضرت ابراہیم علیہ السلام کے واقعہ سے شروع ہوتی ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے خواب میں حکم ہوا کہ اپنے اکلوتے فرزند کو ہماری راہ میں قربان کرو۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے ہونہار فرزند کو یہ حکم سنایا تو سعادت مند بیٹے کا جواب یہ تھا

"اے ابا جان! آپ کو جو حکم دیا گیا ہے آپ اس کو پورا کیجیے ان شاء اللہ آپ مجھے صبر کرنے والوں میں پائیں گے۔"

(الصافات: ۱۰۲)

پھر جب حضرت ابراہیم علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے اس حکم کی تعمیل کرنے لگے، بیٹے کو پہلو کے بل لٹا دیا اور گلے پر چھری رکھی تو چھری نے چلنے سے انکار کر دیا، پھر اللہ تعالیٰ کی طرف سے آواز آئی "اے ابراہیم! تم نے خواب سچا کر دکھایا۔" (الصافات: ۱۰۵)

پھر اللہ تعالیٰ نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی جگہ ایک مینڈھا بھیج دیا جو ان کی جگہ قربان کیا گیا۔

ایک حدیث میں ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے پوچھا: "اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! قربانی کی حقیقت کیا ہے؟" آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "یہ تمہارے باپ ابراہیم علیہ السلام کی سنت ہے۔" صحابہ کرام نے عرض کیا: "ہمارے لیے اس میں کیا ثواب ہے؟" آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جانور کے ہر بال کے عوض ایک نیکی نامۂ اعمال میں لکھی جائے گی۔ (مسند احمد)

پیارے بچو!

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا یہ واقعہ ہمیں سبق دیتا ہے کہ ہمیں اللہ تعالیٰ کے حکم کے سامنے سر تسلیم خم کر دینا چاہیے اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے قربانی دینی چاہیے، دکھاوے کے لیے جانور قربان کرنے سے قربانی کا ثواب ضائع ہو جاتا ہے۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ جانور قربان کرنے والے کو اس جانور کے ہر بال کے بدلے میں ایک نیکی دی جاتی ہے۔ دنبے اور بھیڑ کے بدن پر کتنے لاتعداد بال ہوتے ہیں اگر آپ صبح سے لے کر شام تک بھی ان بالوں کو شمار کرنا چاہیں تو شمار نہیں کر سکتے، تو گویا ایک جانور قربان کرنے سے لاکھوں نیکیاں مل گئیں۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ ہم مدینہ طیبہ میں اپنی قربانیوں کو خوب موٹا کرتے تھے اور سب مسلمانوں کی یہی عادت تھی۔ (بخاری شریف)

ایک حدیث میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "قربانی کے دنوں میں اللہ تعالیٰ کے نزدیک انسان کا کوئی عمل قربانی کا خون بہانے سے زیادہ پسندیدہ نہیں اور قیامت کے دن قربانی کرنے والا اپنے جانور کے بالوں، سینگوں اور کھروں کو لے کر آئے گا (اور یہ چیزیں ثواب عظیم ملنے کا ذریعہ بنیں گی) نیز فرمایا کہ قربانی کا خون زمین پر گرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کے نزدیک شرف قبولیت حاصل کر لیتا ہے لہٰذا تم خوش دلی کے ساتھ قربانی کرو۔" (ترمذی)

ماہ ذی الحجہ کی ۱۰، ۱۱، ۱۲ تاریخ ——— یہ تین دن قربانی کے ہیں اور ان میں پہلے دن قربانی دینا افضل ہے، اور قربانی کے ان تین دنوں میں اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے زیادہ محبوب عمل یہی ہے کہ جانور کو اس کی رضا کے لیے ذبح کیا جائے، قربانی کے خون کا قطرہ زمین پر بعد میں گرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے ہاں وہ پہلے ہی شرف قبولیت پا لیتا ہے۔

☆☆☆

WWW.PAKSOCIETY.COM

سلامتی کا راستہ

علی اکمل تصور

خواب اور حقیقت میں فرق ہوتا ہے۔ خواب دیکھنے والا اپنی ادھوری خواہشات کو پورا ہوتے دیکھتا ہے، لیکن حقیقت میں ایسا نہیں ہوتا۔ خواہشات کی تکمیل کے لیے ایک لمبی جدوجہد کی ضرورت پڑتی ہے۔ صبر اور برداشت کامیابی کی منزل تک پہنچنے کا راستہ ہوتا ہے اور قاری عبدالرحمان اس راستے پر چل رہا تھا۔ اُس نے ایک خواب دیکھا تھا۔ اور اب وہ خواب حقیقت بنے جا رہا تھا۔

وہ ایک پس ماندہ گاؤں کا رہائشی تھا۔ یہاں سہولت کی اور ضرورت کی کوئی چیز دستیاب نہیں تھی۔ لوگ غریب تھے۔ بجلی تو تھی لیکن گاؤں کے سب سے بڑے زمین دار کے ہاں ... یا پھر گاؤں کی اکلوتی مسجد میں...... پانی کے حصول کے لیے ایک کنواں موجود تھا۔ لیکن وہ گاؤں سے باہر تھا۔ گاؤں کے لوگ بڑی مشکل سے پانی بھر کر اپنے اپنے گھروں میں لاتے تھے۔ گاؤں کے لوگ زمین دار کے کھیتوں میں کام کرتے تھے یا پھر شہر جا کر مزدوری کرتے تھے۔ ان مزدوری کرنے والوں میں قاری عبدالرحمان کا باپ بھی شامل تھا۔ وہ ریٹائرڈ فوجی تھا۔ اب اُس کی عمر آرام کرنے کی تھی، لیکن کام کرنا اُس کی مجبوری تھی۔ وہ شہر میں زیورات کی ایک دکان پر بطور چوکیدار کے اپنے فرائض سرانجام دے رہا تھا۔ مالک مہربان تھا۔ اُس نے عبداللہ کو ایک کمرہ رہنے کے لیے دے رکھا تھا۔

عبداللہ ہفتے میں ایک بار اپنے بیوی بچوں سے ملنے گاؤں آتا تھا۔ اور چھٹی کا دن گزار کر واپس لوٹ جاتا تھا۔ قاری عبدالرحمن، عبداللہ کا سب سے چھوٹا بیٹا تھا اور سب سے لاڈلا تھا۔ عبداللہ نے بڑی مشکل سے اُسے میٹرک تک تعلیم دلائی تھی۔ پھر اُس کی سکت ختم ہو گئی تھی۔ آگے اپنے مستقبل کا فیصلہ قاری عبدالرحمان نے خود کیا تھا۔ اب وہ حفظ قرآن اور قرات کی تعلیم حاصل کر رہا تھا۔ گاؤں کے قریب ایک قصبے میں اُس کا مدرسہ تھا۔ اس فیصلے کا پہلا انعام اُسے یہ ملا تھا کہ گاؤں کے تمام لوگ اُسے قاری صاحب کہہ کر پکارنے لگے تھے۔ ابھی اُس کی سترہ سال عمر تھی۔ اتنی عمر میں اتنی عزت دیکھ کر عبداللہ کا سر فخر سے بلند ہو جاتا تھا۔ اور عبدالرحمان کی سوچ بس اس نقطے پر آ کر ٹھہر جاتی تھی کہ اُسے اپنی اس عزت کو برقرار رکھنا ہے۔ اور ایک دانے سے سو دانوں کی بالی تک کا سفر خوش اسلوبی سے طے کرنا ہے۔

خواب سے تعبیر تک کا یہ سفر قاری اور اُس کے ابو نے اٹھارہ ماہ میں طے کیا تھا۔ اپنے بیٹے کی خوشی کے لیے انہوں نے ماہانہ پانچ سو روپے کی ادائیگی کی بنیاد پر کمیٹی ڈالی تھی۔ اور اب اٹھارہ ماہ بعد انہیں بیس ہزار کی رقم ملی تھی۔ اس رقم سے قاری کا خواب پورا ہو سکتا تھا۔ قاری کے گھر والوں کے لیے یہ ایک بڑی رقم تھی۔ گھر کے

WWW.PAKSOCIETY.COM

تمام افراد اپنی اپنی کہہ رہے تھے۔ امی اس رقم سے اپنی بیٹی کا جہیز بنانا چاہ رہی تھی۔ دونوں بڑے بھائی کاروبار کرنا چاہ رہے تھے۔ اس رقم کو دیکھ کر گھر کے تمام افراد کی ادھوری خواہشات کروٹ بدل کر جاگ اٹھی تھیں۔ فرق صرف اتنا تھا کہ اُن کی خواہشات رقم دیکھ کر جاگی تھیں۔ جب کہ قاری نے اپنی خواہش کی تکمیل کے لیے صبر اور برداشت سے کام لے کر اپنے ابو کی مدد سے رقم اکٹھی کی تھی۔ اُس کے ابو نے اُس کی مدد کیوں کی تھی؟ تو اس کی ایک وجہ تھی۔ اور وہ وجہ یہ تھی کہ قاری کی خواہش انفرادی نہیں تھی۔ باقی لوگ اپنی اپنی ذات کی حد تک سوچتے تھے۔ جب کہ قاری سب کے لیے سوچتا تھا۔ اور قاری کے ابو کو اس کی سوچ کا یہ انداز سب سے زیادہ پسند تھا۔

قاری عبدالرحمان مسافر بس میں بیٹھا اپنی منزل کی طرف رواں دواں تھا۔ یہ وہ سفر تھا جو اس کی زندگی میں سکون بھرے لمحات لا سکتا تھا۔ وہ اپنی سیٹ پر ٹیک لگائے بیٹھا تھا۔ کھڑکی کے باہر مناظر تیزی سے گزرتے چلے جا رہے تھے۔ اور کچھ مناظر ایسے تھے جو قاری کی آنکھوں میں آنسو بن کر تیر رہے تھے۔ کچھ یادیں جو کل تک اُسے تکلیف دیتی تھیں۔ آج اُس کے ہونٹوں کی مسکراہٹ بن گئی تھیں۔ کوئی آپ کے ساتھ بُرا سلوک کرے تو اس کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ آپ اُس سے انتقام لیں یا پھر اس بات کا انتظار کریں کہ اللہ کی طرف سے وہ کسی تکلیف یا مصیبت میں مبتلا ہو جائے۔ ایک اچھا انتقام یہ بھی ہوتا ہے کہ آپ وہ مقام حاصل کر لیں جو اس کے پاس ہے۔ اور آج قاری وہ مقام حاصل کرنے نکلا تھا۔ اُس کی آنکھیں دیکھ رہی تھیں۔ وہ ایک خالی بالٹی ہاتھ میں پکڑے گھر سے نکل رہا تھا کہ امی نے اُسے آواز دی تھی۔

"بیٹا! پانی لینے کے لیے کنویں کے پاس مت جانا۔ تم چھوٹے ہو اور کنواں بہت گہرا ہے۔۔۔"

"تو پھر امی میں کہاں جاؤں؟" قاری کے لہجے میں معصومیت تھی۔

"بیٹا! زمین دار کے ہاں چلے جانا یا پھر مسجد میں چلے جانا، تم چھوٹے ہو، تمہیں پانی ضرور مل جائے گا۔"

"جی امی!" قاری اپنی منزل کی طرف چل پڑا۔ یہ بات سچ تھی کہ قاری کو کنویں سے بہت ڈر لگتا تھا۔ اور یہ بھی سچ تھا کہ گھر کے پانی بھرنے کی ذمہ داریاں قاری کی تھی۔ ابو تو گھر پر ہوتے نہیں تھے۔ اور اس کے دونوں بڑے بھائی کھیتوں میں کام کرتے تھے۔ ابو نہیں چاہتے تھے کہ گھر کی عورتیں باہر جائیں۔ اس لیے پانی بھرنے کا کام قاری نے اپنے کمزور کندھوں پر اٹھا لیا تھا۔ اُس کی امی اُسے روزانہ کنویں پر نہ جانے کی تاکید کرتی تھیں۔ اور اپنے خوف کے باوجود قاری روزانہ کنویں پر جاتا تھا۔ کیوں کہ زمین دار نے اُسے اپنے ہاں سے پانی بھرنے سے روک دیا تھا۔ اور امام مسجد کا کہنا تھا کہ مسجد میں موجود پانی نمازیوں کے وضو کے لیے ہے۔ اس لیے مجبوراً قاری کو پانی کنویں پر سے ہی بھرنا پڑتا تھا۔ یہ ایک بہت تکلیف دہ عمل تھا۔ کنویں کی منڈیر پر قاری یوں کھڑا ہوتا تھا کہ جیسے کوئی اُس کی کمر پر رسی باندھ کر پیچھے کی طرف کھینچ رہا ہو۔ وہ مرتا کیا نہ کرتا کی کیفیت میں پانی سے بھرے مشکیزے کی رسی اوپر کی طرف کھینچتا اور پھر اپنی بالٹی سے پانی بھر کر گھر کی طرف دوڑ لگا دیتا۔ ایسی تقریباً دس بالٹیوں کی ضرورت اُس کے گھر میں ہوتی تھی۔ ایسے حالات میں قاری نے ایک خواب دیکھا۔ اس کے گھر کے صحن میں پانی نکالنے والا ایک دستی نلکا نصب تھا۔ اور وہ اُس کی ہتھی کو حرکت دیتے ہوئے پانی نکال رہا تھا۔ قاری کے ابو قاری کی مصیبت سے آگاہ تھے۔ اور پھر جب قاری نے اپنے ابو کے سامنے اپنی خواہش کا اظہار کیا تو ابو فوراً مان گئے تھے۔ یوں آج اٹھارہ ماہ بعد قاری اپنے ابو کی مدد سے اس قابل ہو گیا تھا کہ وہ اپنی منزل کو حاصل کر لے۔ اب اُسے زمین دار کا وہ دھکا یاد آ رہا تھا جو پانی کے اصرار پر اُس نے قاری کو دیا تھا۔

"بھاگ جاؤ یہاں سے..... اگر آج تم پانی لے گئے تو گاؤں کے تمام لوگ میری حویلی کے سامنے قطار بنا کر کھڑے ہو جائیں گے۔۔۔" اُسے وہ عورت یاد آ گئی تھی۔ جو کنویں پر پانی بھرتے ہوئے چکرانے کے باعث کنویں میں ہی گر گئی تھی۔ اور پھر بڑی مشکل سے اس کی جان بچائی گئی تھی۔ جب کنویں پر لوگوں کا ہجوم

WWW.PAKSOCIETY.COM

زیادہ ہوتا تھا تو گاؤں والے چھوٹا سمجھ کر اُس کی باری ہی نہیں آنے دیتے تھے۔

وہ جتنا زیادہ سوچ رہا تھا۔ اتنا ہی زیادہ الجھتا جا رہا تھا۔ اُس کی سوچ کا انداز بدلنے لگا تھا۔ اُسے تو سب سے ہی انتقام لینا تھا۔ کتنا مزہ آئے گا جب اُس کے گھر وہی نلکا لگ جائے گا۔ اور پھر وہ اپنے گھر پر ہی اپنی ضرورت کے مطابق پانی بھر لیا کرے گا۔ بلکہ پانی بھرنے کی ضرورت ہی کیا ہے۔ جب دل چاہا جب ضرورت محسوس ہوئی پانی نکال لیا۔ اور گاؤں کے لوگ ؟ انہیں تو میرے گھر سے ایک قطرہ بھی پانی کا نہیں ملے گا۔ کوئی تھا جو قاری کے وجود میں چھپ کر اس سے یہ بات کہہ رہا تھا۔ بس میں سفر کرتے قاری کو ایک گھنٹے سے زیادہ کا وقت گزر چکا تھا۔ پھر بس رُک گئی۔ وہ شہر آ پہنچا تھا۔ اگلے دو گھنٹوں میں قاری نے اپنی خریداری مکمل کر لی تھی۔ اور اُسے نلکے کا بور کرنے کے لیے کاریگر بھی مل گئے تھے پھر گاؤں واپس آ کر سفر شروع ہوا۔ نلکا لگانے کا سارا سامان دیکھ کر پورے گاؤں میں شور مچ گیا تھا۔ لوگوں کا ایک ہجوم تھا۔ جو یہ سامان دیکھنے آ رہا تھا۔ سب حسرت کی نظر سے قاری کی طرف دیکھ رہے تھے۔ اُن کے نزدیک قاری گاؤں کا وہ پہلا غریب لیکن خوش قسمت آدمی ہوگا۔ جس کے گھر میں پانی کا چشمہ پھوٹے گا۔ قاری اب ایک بھی لمحہ ضائع نہیں کرنا چاہتا تھا۔ اُس نے کاریگروں کو اشارہ کیا۔ زمین کے سینے پر پہلی ضرب قاری نے لگائی تھی۔ پھر کھدائی کا کام شروع ہو گیا۔ قاری کسی مزدور کی مانند کھدائی کے کام میں حصہ لے رہا تھا۔ اُس کا جوش دیکھنے کے قابل تھا۔ ہجوم اب چھٹ چکا تھا اور کام جاری تھا۔ پھر رات ہو گئی۔ وہ رات کاریگروں نے گاؤں میں گزاری۔ قاری کے بھائیوں کا مزاج کچھ اچھا نہیں تھا۔ شاید انہیں اس بات کا غم تھا کہ اس رقم سے وہ فائدہ نہیں اٹھا پائے تھے۔

پھر اگلے دن کا آغاز ہوا۔ صبح کی پہلی کرن کے ساتھ ہی کام کا آغاز ہو گیا۔ قاری شام ہونے سے پہلے کام مکمل کروانا چاہتا تھا۔ کیوں کہ پورا ہفتہ شہر میں گزارنے کے بعد چھٹی والے دن سے ایک دن پہلے شام کو اُس کے ابو گھر لوٹے تھے۔ اور آج اُسے اپنے ابو کو وہی نلکے کا تحفہ دینا تھا۔ آج اس نلکے کے ٹھنڈے میٹھے پانی سے ابو کی پیاس بجھانی تھی۔ کاریگر دل لگا کر کام کر رہے تھے۔ اور پھر دوپہر کے ٹھیک دو بجے وہی نلکے سے پانی کی دھار بہہ نکلی۔ قاری کے دل کی خوشی کا عالم بس وہی جانتا تھا۔ اُس نے اللہ کی بارگاہ میں سرِ سجدہ کے لیے جھکا لیا۔

سورج مغرب کی طرف ڈھل رہا تھا۔ جب ایک مسافر بس

WWW.PAKSOCIETY.COM

گاؤں کی طرف جانے والے راستے کے سامنے آ کر رکی تو قاری کے ابو بس سے نیچے اتر آئے۔ اور گاؤں کی طرف جانے والے راستے پر چل پڑے۔ جلد ہی انہوں نے محسوس کر لیا کہ آج گاؤں میں کوئی انہونی ہوئی ہے۔ انہوں نے سوچا کہ میرے گھر میں نلکا لگنے والی بات تو اتنی اہمیت نہیں رکھتی۔ پھر ماجرا کیا ہے۔ کیا ہوا ہے۔ لوگوں کے تیور کیوں بدلے ہوئے ہیں۔ پہلے تو لوگ ان کے ساتھ ایسے پیش نہیں آتے تھے۔ آج کیا ہو گیا ہے کہ لوگوں نے ان کے گرد گھیرا بنا لیا ہے۔ کیا یہ لوگ اُن کے گھر سے پانی بھرنے کی فرمائش کریں گے۔ ایسے میں انہیں ایک بات یاد آئی۔

"لوگوں کی ضرورتوں کا تمہارے ساتھ وابستہ ہونا تم پر اللہ کی عنایت ہے۔" پیارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لاڈلے نواسے حضرت امام حسینؓ کا یہ قول ہے۔ عبداللہ زیرِ لب مسکرایا اور اُس نے دل میں یہ فیصلہ کر لیا کہ اس کے گھر آنے والے کسی ضرورت مند کو وہ پانی بھرنے سے نہیں روکے گا۔

چلتے چلتے عبداللہ گاؤں کے چوراہے پر پہنچ گیا۔ یہاں پیپل کے درخت کے نیچے ایک عجیب منظر تھا۔ لوگوں کا ایک ہجوم دائرہ بنائے کھڑا تھا۔

"یااللہ خیر..... یہاں کیا ہوا ہے؟" عبداللہ پریشان ہو گیا۔ اس سے پہلے کہ عبداللہ ہجوم کی طرف بڑھتا۔ کوئی زور سے چیخا۔

"وہ دیکھو..... قاری صاحب کے ابو—" عبداللہ نے دیکھا سارا ہجوم اب ان کی طرف بڑھ رہا تھا۔

"یااللہ خیر—" پہلے تو عبداللہ گھبرا گیا۔ پھر چونک پڑا۔ پھر کانپ کر رہ گیا۔ تمام لوگوں کی آنکھوں میں آنسو تھے۔ اب عبداللہ کے لیے رکنا مشکل تھا۔ وہ ہجوم میں سے راستہ بناتے اور پھر پیپل کے درخت کے نیچے پہنچ کر اس پر سکتے کی سی کیفیت طاری ہو گئی۔ جو منظر اُس کی آنکھوں نے دیکھا تھا۔ اُس پر یقین کرنا مشکل تھا۔ اور پھر جانے وہ کون سا احساس تھا کہ عبداللہ کی بھی آنکھیں بھیگ گئیں۔

پیپل کے درخت کے نیچے پانی نکالنے والا دستی نلکا نصب تھا۔ قاری نے دستی نلکا اپنے گھر پر نصب کروانے کی بجائے گاؤں کے چوراہے پر نصب کروا دیا تھا۔ تاکہ گاؤں کے تمام لوگ اس سے سیراب ہوں۔ اس سے اچھا انتظام اور بھلا کیا ہو سکتا تھا۔ لوگ عبداللہ کا شکریہ ادا کر رہے تھے۔ قاری کو دعائیں دے رہے تھے۔ اُس ایک لمحے میں عبداللہ نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔ آج اُس کے بیٹے نے اس راستے پر پہلا قدم رکھا تھا۔ جو راستہ ایک دانے سے سو دانے کی بالی تک کو جاتا تھا۔ آج اسے اپنے بیٹے کو سینے سے لگا کر یہ کہنا تھا کہ شاباش میرے بچے تم اُس راستے پر چلے ہو جو اللہ کے برگزیدہ بندوں کا راستہ ہے اور یہی راستہ سلامتی کا راستہ ہے کیوں کہ "میں" کا راستہ تو شیطان کا راستہ ہے۔ ☆☆☆

"بلاعنوان" کے یہ عنوانات بھی اچھے تھے

☆ بندر ہمارے عہد کے چالاک ہو گئے۔ (حسن رضا سردار، کاموکی)

☆ اکیسویں صدی کا بندر۔ (ثمرہ اقبال، فیصل آباد)

☆ ون ویلنگ کے رنگ، بندر کے سنگ۔ (فاطمہ سلمان، فیصل آباد)

☆ بندر نے بائیک چلائی، ون ویلنگ کر کے سب کو دکھائی۔ (سید دانیال قمر، بہاولپور)

☆ یہ بندر ہے نئے زمانے کا۔ (محمد ابرار غفاری، فیصل آباد)

☆ شعبدوں کا کھلاڑی۔ (سحر طارق، راولپنڈی)

☆ لگتا ہے بندر کو شوخی کی ہوا لگ گئی ہے۔ (محمد حسن علی قادری، کاموکی)

☆ انسانوں کی طرح بندر بھی ون ویلنگ کر سکتے ہیں۔ (عبید صدیقی، میاں چنوں)

☆ ون ویلنگ کرنا سیکھنی ہے تو میرے پاس آؤ۔ (کرامت اقبال، کراچی)

☆ ماڈرن بندر۔ (نور فاطمہ، لاہور)

☆ میں ہوں ون ویلنگ ماسٹر۔ (محمد علی شہزاد، [illegible])

☆ یہ منظر دیکھا ہے کبھی یار، موٹر سائیکل پر بندر سوار۔ (محمد شہروز، [illegible])

☆ بندر میاں! ذرا سنبھل کر۔ (ندا کاظم، کراچی)

☆ لو جی، بندر بھی ون ویلر ہو گئے۔ (محمد حسین احسن، فیصل آباد)

☆ باکمال بندر، لاجواب ون ویلنگ۔ (خلیل الرحمٰن، شرقپور شریف)

☆ بندر چلا انسان کی چال، اپنی چال بھی بھول گیا۔ (محمد ذیشان شیر خان، ملتان)

☆ ارے بھیا! بندر کسی سے کم نہیں۔ (فضل الحق، لاہور)

WWW.PAKSOCIETY.COM

نیم پلیٹ

علی حسن

مجھے مشکل میں پھنسے ایک ہفتہ ہونے کو آیا تھا۔ پورے ہفتہ میں کوئی ایک لمحہ بھی ایسا نہ تھا جو میں نے سکون سے گزارا ہو۔ نہ کھانے پینے میں پہلے جیسا مزہ آ رہا تھا اور نہ پڑھنے پڑھانے میں۔ میں خود اس مشکل میں پھنسا تھا۔ میں نے دوسری منزل پر واقع اپنے کمرے کی کھڑکی سے گلی میں جھانکا تو گلی میں ہو کا سا عالم تھا۔ ایسا لگ رہا تھا جیسے کسی دیو نے پھونک مار کر گلی کے مکینوں کو خاموش کر دیا ہو۔ نہ گلی میں بچے کھیلتے دکھائی دے رہے تھے اور نہ سالن کی پلیٹیں ہاتھوں میں لیے ننھی منی بچیاں ایک گھر سے دوسرے گھر میں داخل ہوتی دکھائی دے رہی تھیں۔

"یہ خاموشی میری وجہ سے ہوئی ہے —— میں ہی وہ دیو ہوں جس نے ہنستے بستے گھروں میں خاموشی کو بٹھا دیا ہے..... یہ سب کچھ میری وجہ سے ہوا ہے..... میں ہی قصوروار ہوں....." میں نے خود کلامی کی۔

ہمارا محلہ جس کی ایک دیوار پر امن اسٹریٹ کا چھوٹا سا بورڈ لگا ہوا تھا، واقعی امن کا محلہ تھا۔ ہر طرف امن و سکون تھا۔ ایسا لگتا تھا یہ محلہ نہ ہو ایک گھر ہو۔ محلے کے مکین طویل عرصے سے یہیں آباد تھے۔ غم ہو یا خوشی ہر موقع پر مل بیٹھنا روایت بن گئی تھی۔ دوسرے محلہ کے لوگ رشک بھری نظروں سے ہمارے محلے کو دیکھتے تھے۔

ایک سال قبل کی بات ہے۔ دوسری رو میں رہنے والے یونس صاحب ایک حادثے میں شدید زخمی ہوئے تو محلے بھر کے لوگ بے چین ہو گئے تھے۔ ہسپتال میں ایمرجنسی وارڈ کے باہر ایسا لگا تھا کہ امن اسٹریٹ یہیں آباد ہو گئی ہو۔ ہر کوئی پریشان دکھائی دے رہا تھا۔ جب ڈاکٹر نے خون طلب کیا تو ہر ایک کی یہی کوشش تھی کہ اس کا خون لیا جائے۔ کئی بچے بھی اپنے ابو کے ساتھ ہسپتال آ گئے تھے۔ ڈاکٹر نے جب پوچھا کہ تم سب کون ہو تو سبھی نے جواب دیا تھا، یونس کے بھائی ہیں۔ یونس صاحب شدید زخمی ہوئے تھے، مگر محلے کے مکینوں کی محبت نے انہیں جلد صحت یاب کر دیا۔ جب وہ ہسپتال سے گھر منتقل ہوئے تو سب نے ان کی خوب خدمت کی۔ کوئی اپنے گھر سے پھل لا رہا ہوتا تو کوئی ہاتھ میں ٹھنڈا دودھ لیے ان کے پاس آتا۔ یونس صاحب جب صحت یاب ہوئے تو اسحاق صاحب نے چکن پلاؤ کی ایک دیگ غریبوں میں تقسیم کی تھی۔

میرے بھیا ظہیر نے بتایا تھا کہ جب گلی میں پہلا ٹیلی ویژن آیا تھا تو سبھی محلے والے قمر صاحب کے ہاں ڈرامہ دیکھنے کے لیے جاتے تھے۔ برآمدے میں دائیں طرف بڑی میز پر ٹیلی ویژن لگا

WWW.PAKSOCIETY.COM

دیا جاتا تھا اور دری پر ناظرین بیٹھ جاتے تھے۔ ادھر ڈرامہ چلتا اُدھر چائے کا دور چلتا رہتا۔ یہ بات تو میرے سامنے کی ہے جب غلام رسول صاحب نے امن سٹریٹ میں رہنے والوں کو بتایا تھا کہ ان کے ہاں ٹیلی فون لگنے والا ہے۔

"واؤ غلام رسول! ایسا ہو جائے تو بہت سہولت ہو جائے گی.... " رفیع نے کہا۔

"میں نے فیس جمع کرا دی ہے ان شاء اللہ اب جلد فون لگ جائے گا۔" غلام رسول بولا۔

"یہ تو بہت اچھی بات ہے۔ خالد بیٹا سعودی عرب سے خط کے بجائے فون ہی کیا کرے گا۔ غلام رسول کیا فون آنے پر بلا لیا کرو گے؟" ریاض کی بات سن کر غلام رسول نے فوراً کہا۔

"بھائی ریاض! ضرور بلا لیا کروں گا.... یہ فون میرے گھر میں نہیں امن اسٹریٹ میں لگ رہا ہے.... یہ سب کا سانجھا ٹیلی فون ہو گا۔"

غلام رسول نے اپنی بات واقعی سچ کر دکھائی تھی۔ ان کے ہاں دن بھر محلے والوں کے فون آتے تھے۔ غلام رسول کی بیوی اور بچے خوشی خوشی متعلقہ گھر کو فون آنے کی اطلاع پہنچاتے تھے۔ کئی بار تو ایسا ہوا کہ رات گئے بہت سے لوگوں کے فون آتے تھے، مگر غلام رسول اور اس کے گھر والوں نے کبھی ماتھے پر بل نہ ڈالا تھا۔

ریاض صاحب کا بیٹا جب پہلی بار سعودی عرب جانے والا تھا تو سارا محلہ اداس تھا۔ ایاز ایک ایک کو تسلی دے رہا تھا۔ خالہ کلثوم نے روتے ہوئے کہا تھا۔

"بیٹا! اپنا خیال رکھنا۔"

"خالہ جی میں اپنا خیال رکھوں گا.... بس آپ روئیں مت، میرے لیے دُعا کریں...."

محلے کے سبھی مرد ایاز کو الوداع کہنے ائیر پورٹ گئے تھے۔ ایاز جب رخصت ہونے لگا تو محلے والوں کی زبان پہ دُعائیں اور آنکھوں میں آنسو تھے۔ ایاز کا جب بھی سعودی عرب سے خط آتا ریاض سب کے سامنے اُسے پڑھتا۔ محلے کے ایک ایک فرد کے بارے میں پوچھا جاتا تھا اور تمام محلے والوں کے لیے خلوص بھر سلام ہوتا تھا۔

ہر گھر میں ہر روز دستر خوان پر ایک پلیٹ میں کڑھی ضرور دکھائی دیتی تھی اس کی وجہ یہ تھی کہ یہ ہمارے محلے کی ایک خصوصی چیز تھی۔ جن گھروں میں جب بھی کسی کے ہاں کڑھی پکائی جاتی تھی وہ سب گھروں میں تقسیم کی جاتی تھی۔ رمضان المبارک میں سب ایک دُوسرے کی افطاری کرواتے۔ عید کے موقع پر عید کارڈ، چوڑیاں، مہندی اور جیولری تحفتاً دیے جاتے۔ عید قربان پر سبھی مل کر بکرے قربان کرتے واقعی اس دن عید کا حقیقی سماں ہوتا۔ میں اپنے سکول میں جب یہ ساری باتیں بتاتا تو میرے دوست اس پر یقین نہ کرتے تھے۔ عمران اکثر کہتا۔

"ہمارے محلے میں تو کوئی ایک دُوسرے کا نام بھی نہیں جانتا.... سب اپنے اپنے گھروں تک محدود ہیں.... تم جیسا بتاتے ہو ایسا یا تو کہانیوں میں ہوتا ہے یا پھر ڈراموں میں.... مجھے تو یقین نہیں آتا کہ اس دور میں ایسا محلہ موجود ہے...."

ایک دن میں اسے یقین دلانے کے لیے امن اسٹریٹ لے آیا تھا۔ محلے کا ماحول دیکھ کر اور لوگوں سے مل کر اسے یقین ہو گیا تھا۔ جب وہ جانے لگا تو بے اختیار بولا۔

"تمہارا محلہ واقعی محبت کا گہوارہ اور امن کی جگہ ہے، اللہ تعالیٰ یہاں اسی طرح محبت اور امن رکھے۔"

"یہ امن میری وجہ سے خراب ہو گیا ہے.... میری ایک معمولی سی حرکت کی وجہ سے امن اسٹریٹ میں امن نہیں رہا...." میں بڑبڑایا۔ میرے وہم و گمان میں بھی نہ تھا کہ راہ چلتے میرے ہاتھ کی ہلکی سی حرکت نے امن اسٹریٹ کے امن پر پینٹ کر دیا تھا۔ "پینٹ" کا لفظ میں نے اس لیے استعمال کیا کہ نہ قمر صاحب کی نیم پلیٹ پر کالا پینٹ ہوتا اور نہ امن اسٹریٹ کا امن خراب ہوتا۔ آپ پوچھیں گے کہ قمر صاحب کی نیم پلیٹ کا محلے کے امن سے کیا تعلق ہے میں کہوں گا کہ بڑا گہرا تعلق ہے۔ قصہ کچھ یوں ہے کہ پچھلے ہفتے میں سکول ٹور پر مری گیا تھا۔ وہاں سے واپسی رات گئے ہوئی تھی۔ میں جب گھر لوٹا تو قمر صاحب کے سامنے والے گھر والوں نے پینٹ کا ایک خالی ڈبہ باہر پھینکا ہوا تھا۔ ڈبے میں ایک ٹوٹا ہوا برش بھی پڑا تھا۔ اس لمحے نہ جانے مجھے کیا ہوا میں نے برش جس پر پینٹ لگا ہوا تھا قمر صاحب کے گھر پر لگی نیم پلیٹ پر پھیر دیا۔ نیم پلیٹ بدنما ہو چکی تھی۔ میں نے برش گھما کر ایک طرف پھینک دیا۔ یہ حرکت کر کے میں خاموشی سے گھر میں داخل

WWW.PAKSOCIETY.COM

ہو گیا تھا۔ جب قمر صاحب نے ٹیم چیپ [illegible] بلے تو [illegible] کامران کی طرف آتی [illegible] ہے [illegible] مسلسل شرارتیں [illegible] کبھی کی [illegible] کر بھاگ جاتا [illegible] کبھی [illegible] پر [illegible] تک [illegible] غائب ہو جاتا۔ کئی بار تو یہ بھی ہوا کہ [illegible] بچوں سے کامران الجھن میں تھے [illegible] قمر صاحب [illegible] آپ [illegible] شرارت بھی کامران کی ہے [illegible] لطیف صاحب نے [illegible] تک [illegible] تھے۔ چند نالشیں خود کامران [illegible] تھا۔

جی انکل

ٹیم چیپ [illegible] بھوک لگا [illegible] یہ کہتے ہوئے قمر صاحب نے کامران کا [illegible]

انکل [illegible] قمر صاحب نے کان پر [illegible]

[illegible] تم سے [illegible] نہیں [illegible]

میں نے [illegible] کامران نے [illegible] ہوئے کہا

قمر صاحب نے [illegible] کان چھوڑ تو وہ سرخ ہو چکا تھا۔ [illegible]

نے رو رو کر اپنے گھر والوں اور محلے والوں کو اکٹھا [illegible] لیا تھا۔ کامران کا بڑا بھائی شہزاد باہر نکلا تو کامران [illegible] بتایا کہ انکل نے اسے مارا ہے۔ آگے ہی لمحے قمر صاحب کا گریبان شہزاد کے ہاتھ میں تھا۔ محلے [illegible] شرارتوں [illegible] کیا۔ دیکھتے ہی دیکھتے [illegible] شدت [illegible] بیٹے بھی [illegible] کھنچے۔ [illegible] ہاتھ [illegible] دونوں [illegible] ایک صورت حال پہلے کبھی پیش نہ آئی تھی۔ قمر صاحب کا سر پھٹ گیا اور شہزاد کی ٹانگ پر چوٹ آئی تھی۔ [illegible] پولیس تک جا پہنچی۔ میں یہ طرف [illegible] سب دیکھ رہا تھا۔ [illegible] کی [illegible] نہیں سکتا تھا [illegible] سب [illegible] ہوتے ہوئے [illegible] اس لیے کوکوس رہا تھا جب میں نے ٹیم پلیٹ پر [illegible] تھا [illegible] میں [illegible] بعد [illegible] گئے تھے [illegible] گروپ شہزاد [illegible] قمر صاحب کے ساتھ تھا [illegible] مختلف تبصروں میں مصروف تھے۔ حمیل نے قمر صاحب کی طرف [illegible] رہا تھا۔

کامران جیسے شرارتی [illegible] میں [illegible] نہیں ہے۔

چند ... قبل ... مسجد سے ملحقہ اس گلی میں ایک ... پر بیٹھا ... سے پچھے پیڑ میں بیٹھے ... ٹکے ... قدموں پڑ ... گیا تو۔

"کیا تم وہاں موجود تھے ... ؟" خالد نے پوچھا۔

"نہیں، میں نے صرف سنا ہے۔"

... سال ... تو ... یقین ... سے ... ور بھی ہوں ... چھوٹا ہوتا ہے تو ... نکلتی ہے قمر صاحب کی بم پلیٹ کو بھی ... سے ... تکمیل ہو ...

"قمر بھی تو ... ہے ... ایک چھوٹی کی بم پلیٹ پر محنت ... آتا ہے تو خواہ مخواہ مجھے افسوس ... بھی ... حال کی علامت ... گئی۔

... تب ... بھی تھے۔ "اس ... بعد تک ... ہر یقین کا تھا ... بنایا ... تھا ... میں ... اس کا ... صفحہ ... یہ ... تھا ... محنت کے باوجود ... میں پہلے جیسی ... ہو چکی ... طرف خاموشی تھی ... خاموشی مجھے کاٹ کھانے ... رہی تھی۔ ایک ... مجھ پر ... جیسا ... رہا تھا۔ جیسے جیسے وقت ... رہا تھا میں ... دل ... بیٹھتا جا رہا تھا۔

... میں ... بتاؤں ... صاحب ... ہوں ... آپ کو مخاطب ... ہوئے ... استاد کا چہرہ آنکھوں کے سامنے ... محسوس ہو جیسے ... ہو۔ شام کے وقت میں ... تمہید ... تفصیل ... استاد کے ... بیٹھا ... سوں ... ہا

... بعد تمہارا ... حسین ہونا ... جیسے ... کی علامت ... پہلے تو ... اللہ تعالیٰ سے معافی مانگو ... پھر

... اور پھر ... میں ... پوچھا۔

استاد ... سوال کا جواب ... دیا۔

... میں ...

... کا

... تمہارا ...

... میں ... ہوں ...

اگلے دن میں نے اپنے استاد کی بتائی ہوئی بات پر عمل کرتے

پاکستان میں مصوری کے شعبے میں نمایاں مقام کے حامل نام ور مصور محمود حسن رومی کہتے ہیں

ڈرائنگ

ہماری مالی حالت بہتر سے بہتر کر سکتی ہے۔

ہوئے مطلب ... شیر ... بنا ... ہمت ... تھا ... میں حاصل ... شہزاد کا استقبال ... میرا جی چاہتا تھا ... میں ... حیران ... پھیل جائے ... ایک ... قدم ... ، ... کے قریب میں خاموشی سے ... گلی میں ... تو چاند نکل چکا تھا ... تاریکی ... ہر طرف گھپ اندھیرا تھا ... طرف کے درخت کے پاس پہنچا تو مجھے یوں لگا کہ جیسے کا مواں کے ساں سے ... چھپ ... درخت ... میں ... چند لمحوں بعد جنگل ... صاحب نے گھر کے ... جب ... کیا تو میں ... شہزاد ... صاحب نے گھر کی طرف ... تھا۔ میرے دیکھتے ہی دیکھتے شہزاد نے ... میں چھپائی چھوٹی سی تختی کو نکالا ... زمین ... تختی ... مند ... جگہ پر لگا دی اور اگلے ... قمر صاحب کے دروازے پر لگا دیا ... منظر مجھے ... کافی تھا۔ میرے ہاتھ میں بھی ایسی ہی تختی تھی جس ... میں نے قمر صاحب کا نام ... خوب صورت ... میں لکھوایا تھا۔ میرے بم پلیٹ لگانے سے پہلے ہی شہزاد ... چکا تھا۔ بم پلیٹ ... شہزاد ... خاموشی سے ... گھر سے ... خاموشی کے ساتھ واپس چلا گیا ... صبح جب میں نے قمر صاحب ... بم پلیٹ لگانے ... بارے میں بتایا تو پہلے ... یقین نہ کیا، مگر جب میں نے انہیں بتایا کہ میں ... شہزاد ... بم پلیٹ لگاتے ہوئے دیکھا ہے تو قمر صاحب ... چھوڑ ... شہزاد ... کے گھر کے دروازے پر دستک دی۔ ... آنکھوں ... قمر صاحب شہزاد کو گلے لگا چکے تھے ... وقت ... میں ... ہوں ... آپ ... ہوں ... سب ...

کھوج لگائیے!

درست جواب دینے والوں میں 500 روپے کی مالیت کا انعام ہے

دانیال کے ابو جان [illegible] واپس آئے تو اس کے لیے ایک خوب صورت گھڑی لے کر آئے تھے۔ دانیال گھڑی دیکھ کر بہت خوش ہو [illegible] تھا۔ ابو جان [illegible] یہ گھڑی [illegible] یک سوال کا جواب [illegible] دانیال نے پوچھا [illegible] سوال کیا ہے تو ابو جان بولے: میں نے یہ گھڑی لاہور [illegible] سے جس کے شروع میں ایک پھل کا نام آتا ہے، تم اس بازار کا نام بتاؤ۔ [illegible] دانیال نے [illegible] سوچا اور [illegible] کا نام بتا دیا جس سے ابو جان نے گھڑی خریدی تھی۔ آپ نے کھوج لگانا ہے کہ دانیال نے بازار کا کیا نام بتایا تھا۔

ستمبر 2012 میں شائع ہونے والے "کھوج لگائیے" کا صحیح حل [illegible] کے چھت اور جوتے گیلے نہیں تھے [illegible] جھوٹ بول رہا ہے

1۔ [illegible] طیب، [illegible]
2۔ [illegible] کبیر والا
3۔ حمزہ امام [illegible]
4۔ مقدس [illegible] راولپنڈی
5۔ معاذ اکبر، فیصل آباد

[illegible] 2012 [illegible]

نام ______

پتا ______

______



شیطانی چرخہ

[illegible] مشتاق

بس یہ سوچ کر وہ اپنی والدہ کو اپنی گاڑی میں لے کر تیزی سے اسپتال کی جانب روانہ ہوئے۔

مریم کی ممی ان سے پوچھتی ہی رہ گئیں کہ کیا ہوا؟ مگر وہ جواب میں صرف اتنا ہی کہہ سکے تھے کہ واپس آ کر بتائیں گے۔

اسپتال میں انہیں فوراً ایمرجنسی طبی امداد دی گئی۔ ڈاکٹروں کی ایک ٹیم فوراً ان کی طرف متوجہ ہو گئی تھی۔

ایک گھنٹے بعد انہیں بتایا گیا کہ ان کی والدہ کو دل کا دورہ پڑا تھا۔ انہیں چند گھنٹے انتہائی نگہداشت کے وارڈ میں رکھنے کے بعد دل کے وارڈ میں منتقل [illegible] سب تمام قریبی [illegible] اسپتال پہنچنا شروع ہو گئے تھے۔ [illegible]

[illegible] تھی۔ [illegible] پوچھ رہے تھے کہ یہ ہوا کیا تھا؟ [illegible] ہوئے تو بتاتے۔ [illegible] کا چھوٹا بھائی اسپتال میں رہ گیا [illegible] وہیں [illegible] جس میں مریض کے ساتھ [illegible] ایک [illegible] کر سکتا تھا۔

انہیں شبہ تھا کہ [illegible] مریم کا ہاتھ [illegible] شرارتی تھا۔ وہ [illegible] مگر [illegible] شرارتیں [illegible] کرتا تھا۔ جیسے [illegible] چشمہ چھپا دینا۔ [illegible] اس سے پوچھے بغیر [illegible] میں اور پھر [illegible] ضرورت کے وقت [illegible]

[illegible] مریم کو ملا دیا۔ مریم کو دیکھ کر [illegible] کالی [illegible] بھی تھا بھی تو [illegible] تشویش کا باعث ہو گا۔

[illegible] کرتے ہوئے پوچھا۔

[illegible]

بیٹے کیا ہوا تھا؟ دادی ماں کیسے گری تھیں؟"

"ابا جان میں نے کچھ نہیں کیا؟ وہ تو خود ہی...

ندیم کی [illegible] آنکھوں سے پھر آنسو بہنے لگے۔

ابا جان ایک شخص سے عالم میں سے دیکھنے لگے

"کیا ہوا تھا؟

اماں کیسے گریں؟

ندیم کہاں تھا؟

وہ اماں کے [illegible] تھا؟"

ان کے ذہن میں کئی سوال اٹھ رہے تھے اور وہ جانتے تھے کہ اس وقت ندیم شاید ہی کسی سوال کا ٹھیک جواب دے سکے۔

سوں سے ندیم کی [illegible] سے پوچھا۔"ندیم نے کچھ بتایا کہ اماں کیسے گریں؟"

"نہیں۔ کچھ بھی نہیں بتاتا۔ بس ایک ہی بات کی گردان لگا رکھی ہے۔ میں نے کچھ نہیں کیا۔" اس کے جواب نے [illegible] کو مزید بڑھا دیا۔

"اس کا مطلب ہے کہ ندیم کا کوئی نہ کوئی تعلق اس معاملے سے ضرور ہے۔ مگر کیا؟" اس سے آگے وہ نہ سوچ سکے۔

دادی اماں ایک ہفتے کے بعد گھر آ گئیں۔ وہ بے حد کمزور ہو گئی تھیں۔ اسی شام امی نے دادی ماں کی صحت کے لیے دعا اور قرآن خوانی [illegible]۔ خاندان بھر کے سبھی لوگ موجود تھے۔ [illegible] ایک [illegible] اور [illegible] سب لوگوں نے جب کھانا کھا لیا تو دادی اماں نے خاندان کی تمام خواتین اور لڑکیوں کو اپنے کمرے میں بلوایا۔ ندیم کے ابا جان اور دوسرے حضرات سمجھ نہیں سکے کہ دادی جان خواتین سے کیا ضروری بات کرنا چاہتی ہیں؟

تھوڑی دیر بعد دادی اماں نے ندیم کو اپنے کمرے میں آنے [illegible] سب چاچا [illegible] سا گیا جب سے دادی جان ہسپتال گئی تھیں۔ [illegible] شوخیاں اور شرارتیں ختم ہو گئی تھیں۔ وہ سارا سارا دن اداس اداس سا پھرا کرتا۔ وہ ڈرتے ڈرتے دادی ماں کے کمرے میں گیا۔ اماں، امی، چچی، پھوپھو بھی، چچا [illegible] پھوپھی [illegible] اور خاندان کی دوسری خواتین بھی موجود تھیں۔ ندیم وہاں سب کی موجودگی سے ہراساں ہو رہا تھا۔

"ڈرو نہیں۔ تمہاری یہاں موجودگی ضروری تھی۔" دادی اماں نے اس کا حوصلہ بڑھایا۔ وہ دھیرے دھیرے چلتا ہوا دادی ماں کے قریب پہنچا۔ پھر [illegible] اشارہ پر کرسی کے ساتھ [illegible] نیچے بیٹھ گیا۔

"ہاں تو لڑکیو! آج میں تم سے ایک خاص بات کرنا چاہتی ہوں۔ یہ سوال ایک بے حد اہم سوال ہے۔" دادی اماں نے بات شروع کی تو سبھی ان کی جانب متوجہ ہو گئے۔

"جی اماں [illegible] ہم سب کہہ سکتے ہیں۔" ندیم کی ماں نے [illegible] سے کہا۔ وہ اپنی ساس کی بے حد عزت کرتی تھیں۔ دونوں کے بیچ انتہائی خوش گوار تعلقات تھے۔

دادی اماں کے سوال نے ایک لمحے کو تو سب کو حیران کر دیا۔ ندیم اب سب کو دل چسپی سے دیکھ رہا تھا۔ وہ اس سوال کا مقصد جانتا تھا۔ دادی اماں نے اس کی طرف مسکرا کر دیکھا تو اس کی خود اعتمادی لوٹ آئی۔

دادی اماں کو اپنا سوال پھر دہرانا پڑا۔ وہاں موجود خواتین اور لڑکیوں نے اس بار فوراً جواب دیا۔ ستر اسی فیصد خواتین کا جواب دادی اماں کے حسب منشا تھا یعنی ان کی توقع کے مطابق تھا۔

"ندیم وہ ویڈیو لے کر آؤ۔" انہوں نے ندیم کی طرف دیکھا تو وہ ان کے کمرے سے باہر چلا گیا۔ سبھی حیرت سے انہیں دیکھ رہے تھے۔ سب [illegible] تھا کہ دادی [illegible] اور دادی کی [illegible]

کتنے خلاف تھیں اور انہیں "شیطانی چرخہ" کہتی تھیں۔

ندیم نے ملتے میں دادی اماں کے کمرے میں سارا انتظام کر کے ویڈیو لگا دی۔یہ وہ ویڈیو تھی جو اُس نے خود ریکارڈ کی تھی۔ ویڈیو [illegible] چھوٹی سی تھی [illegible] اماں نے کہیں [illegible] ایک منظر روک دیا۔ منظر دیکھنے کے بعد سب دادی اماں کا سوال سب سمجھ چکے تھے۔

دادی اماں کا سوال تھا۔"تم میں سے کتنے لوگ نماز بیٹھ کر پڑھتے ہیں"

دادی اماں سے کہیں [illegible] ویڈیو تمہیں دکھانے کا مقصد صرف [illegible] [illegible] یہ تھا [illegible] دیکھو [illegible] یا [illegible] ہوتیں [illegible] "کیاں [illegible] پڑھتی ہیں اللہ تعالیٰ کی عبادت [illegible] بیٹھ [illegible] بھی کی [illegible] بھی [illegible] کسی عذر کے بیٹھ کر نہیں پڑھنی چاہیے۔"

"ماں! آپ ٹھیک کہہ رہی ہیں۔میں اکثر فرض تو کھڑے ہو کر پڑھتی ہوں اس کے بعد سنتیں اور نوافل بیٹھ کر ادا کرتی ہوں۔بس ایک عادت سی ہو گئی ہے۔"ان کی چھوٹی بہو نے شرمندگی سے اپنی عادت کا اعتراف کیا۔

"بہو! یہ تم نے ٹھیک کہا۔بری عادتیں فوراً پختہ ہو جاتی ہیں جب کہ اچھی عادتوں [illegible] وقت لگتا ہے [illegible] شیطان جو ہر دم ہمارے پیچھے لگا رہتا ہے [illegible] کوشش [illegible] ہمیں [illegible] کی جانب [illegible] سب کو بھٹکا [illegible] ہے۔"دادی اماں نے بات کو آگے بڑھاتے ہوئے کہا۔"ہم اکثر [illegible] گھر میں [illegible] پاس ہو [illegible] چیزوں کو [illegible] [illegible] بھی [illegible] تالی یا [illegible] [illegible] پھر دھی [illegible] تو وہ [illegible] تھی [illegible] کوئی حرج نہیں [illegible] یہ بات عادت [illegible] پختہ ہو جاتی ہے [illegible] کوشش کے باوجود چھوڑنا مشکل ہوتا ہے۔"

اُسی شام کا ذکر ہے کہ جب سب مہمان چلے گئے تو ندیم کے ابا جان اپنے تجسس پر قابو نہ پا سکے اور اپنی اماں سے اُن کے کمرے میں ہونے والی کارروائی کے بارے میں جاننا چاہا۔جواب میں انہیں بھی وہ ویڈیو دکھا [illegible] ویڈیو میں ایک معذور آدمی کو دکھایا گیا تھا جس کی ٹانگیں گھٹنوں سے جڑی ہوئی تھیں اور وہ گھٹنوں سے جڑ [illegible] کھڑا ہو کر نماز ادا کر رہا تھا۔پاس ہی اُس کی مصنوعی ٹانگیں رکھی تھیں۔نماز ادا کرنے میں اُسے یقیناً مشکل کا سامنا تھا مگر وہ بڑی ہمت سے کھڑے ہو کر نماز پڑھ رہا تھا۔

"ندیم نے اپنی طرف سے مجھ سے شرارت کی تھی کہ یہ ویڈیو [illegible] دکھا [illegible] کر دادی جان آپ بیٹھ کر نماز پڑھتی ہیں اور [illegible] بے چارہ معذور شخص اپنی کمزوری پر قابو پا [illegible] عبادت کر رہا ہے۔" دادی اماں نے بڑے پیار سے ندیم کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

"آپ [illegible] تھیں؟ [illegible] جان [illegible] پر وہ [illegible] کیا جو ٹی وی [illegible] سے [illegible] میں ہلچل مچائے ہوئے تھا۔

"اس میں ندیم کا کوئی قصور نہیں۔"دادی اماں سنجیدگی سے بتانے لگیں۔"ندیم کی ویڈیو دیکھ کر میری حالت غیر ہو گئی۔میں بھی تو [illegible] سے بیٹھ کر [illegible] پڑھ رہی تھی۔[illegible] میں نے [illegible] کہ [illegible] ہمیشہ کھڑے ہو کر [illegible] پڑھوں گی۔میں کھڑے ہو کر [illegible] کوشش [illegible] کہ مجھے اپنے [illegible] پہلو میں ایک ہلکا سا درد ہوا اور [illegible] پاؤں [illegible] لگے۔ندیم میری کوششوں پہ شاید مسکرا [illegible] تھا [illegible] آپ [illegible] مشکل ہے [illegible] یا نہیں کہ یہ [illegible]"

"دراصل آپ [illegible] گئی تھیں کہ [illegible] پہلے ہی آپ کے [illegible] [illegible] تھا [illegible] بھی آپ کو [illegible] [illegible] کھڑے ہونے سے منع کیا تھا۔آپ [illegible] مریض بھی ہے اور [illegible] ([illegible]) سے [illegible] پر بوجھ پڑنے کی صورت میں دل کے دورے کا امکان بڑھ جاتا ہے۔"ندیم کے ابا جان نے وضاحت کی۔اب ساری بات اُن کی سمجھ میں آ گئی تھی کہ ہوا کیا تھا؟

"دادی اماں اب تو آپ [illegible] شیطانی چرخہ نہیں کہیں گی ناں؟"ندیم نے بڑی معصومیت سے پوچھا۔

"نہیں میرے بیٹے کوئی بھی چیز بری نہیں ہوتی صرف اُس کا [illegible] [illegible] اُسے اچھا یا برا بناتا ہے۔اللہ کی بنائی ہوئی تو تمام چیزیں انسان کے فائدے کے لیے بنائی ہیں۔یہ انسان کی [illegible] ہے کہ [illegible] منفی [illegible] ڈھونڈ لیتا ہے۔"دادی اماں نے یہ بات ایسے انداز میں کہی کہ سب ہی مسکرانے لگے۔

☆☆☆



معلوماتِ عامہ

- دنیا کی پہلی مطبوعہ کتاب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات پاک [illegible] تھی جو کہ چین کے ایک مبلغ نے ۶۱۸ء اور ۶۲۸ء کے درمیان لکڑی کے بلاکوں سے چھاپی تھی۔ اس وقت اس کتاب کے صرف دو صفحے باقی ہیں۔
- قطب جنوبی میں سورج سبز دکھائی دیتا ہے۔
- [illegible] میں سب سے [illegible] ۲۰۰ میل کی ہے۔
- [illegible] کی طرف [illegible] تو اس کے لیے ہمیں اوپر کی طرف دیکھنا ہوگا۔

([illegible])

- ٹارزن کا کردار ای۔ وی۔ برگ جرلی نے تخلیق کیا تھا۔
- فرانس ایک ایسا ملک ہے جس میں مچھر نہیں پایا جاتا۔
- ٹیپو سلطان برصغیر کا وہ حکمران تھا جس کے دربار میں شیر بندھے رہتے تھے۔
- سال کا سب سے بڑا دن ۲۲ جون جب کہ سب سے چھوٹا ۲۲ دسمبر ہے۔

(حافظ محمد شیخ حیات، [illegible])

- دنیا کا سب سے بڑا آتش فشاں کیلی فورنیا کے یلوسٹون پارک میں واقع ہے۔
- چھپکلیاں ہمارے ماحول کو صاف رکھتی ہیں۔ اگر وہ نہ ہوں تو مرے ہوئے کیڑے مکوڑے ہر طرف پڑے ہوئے ہوں۔
- دنیا کا سب سے بڑا اسکول شکاگو میں ہے۔
- دنیا کا سب سے بڑا ہسپتال بغداد میں ہے۔
- دنیا کا سب سے بڑا درخت انڈیا میں ہے۔
- دنیا کی سب سے بڑی مسجد ترکی میں ہے۔
- دنیا میں سب سے زیادہ بندر بھارت میں پائے جاتے ہیں۔

(شاکلہ ناز، محمد ضیاء اللہ، میاں والی)

- پاکستان کا سب سے بڑا چڑیا گھر لاہور میں ہے۔
- پاکستان کا سب سے بڑا جنگل چھانگا مانگا ہے۔

- دنیا کا سب سے بڑا تال پاکستان کے شہر گوجرانوالہ میں ہے۔
- دنیا کا سب سے بڑا نہری نظام پاکستان کا ہے۔
- پاکستان کے قومی ترانے میں حرف الف ۳۶ مرتبہ آیا ہے۔
- پاکستان کے قومی ترانے میں ۲۰ نقطے ہیں۔

(صباء ناز، لاہور)

- پاکستان کا دل لاہور کو کہتے ہیں۔
- داتا کی نگری لاہور کو کہتے ہیں۔
- [illegible]

(حافظ بشریٰ، گوجرانوالہ)

- قائد اعظم [illegible] شیروانی پہلی مرتبہ ۱۹۳۷ء میں پہنی تھی۔
- لاب بیگ کے خون کا رنگ سفید ہوتا ہے۔
- مگرمچھ کی زبان نہیں ہوتی۔
- دنیا کا سب سے بڑا جزیرہ گرین لینڈ ہے۔
- [illegible]
- [illegible]

(شین رابعہ، گوجرانوالہ)

- [illegible] نے ۲۷ دسمبر ۱۹۴۹ء کو ہالینڈ سے [illegible]
- [illegible] ۱۹۶۵ء [illegible]
- [illegible]
- [illegible] ۹۲۸ [illegible]
- [illegible] پاس ہیں۔
- بنگلہ دیش جنوبی ایشیا کا سب سے پُرامن ملک ہے۔
- نیدرلینڈ کو ہالینڈ بھی کہا جاتا ہے۔

(محمد عارف [illegible])

آئیے عہد کریں

[illegible] جماعت میں [illegible] طالب علم [illegible] کتابوں [illegible]
[illegible] صفحات [illegible] جماعت [illegible] وقت [illegible] [illegible]
[illegible] جماعت میں [illegible] جماعت میں مکمل خاموشی تھی۔ [illegible] طلبہ [illegible]
[illegible] مجھے [illegible] جماعت میں [illegible] تھوڑی سی دیر ہو جانے تو طلبہ کو
[illegible] جماعت میں [illegible] طلبہ نے عہد کیا کہ وہ آئندہ
[illegible] شاباش [illegible] میں
[illegible]

شاباش

[illegible]

[illegible] عائشہ خالد [illegible] فاطمہ مسعود [illegible] عبدالرحمان ظفر شیخوپورہ، محمد عبداللہ [illegible] شیخوپورہ، محمد [illegible] ملتان [illegible] محمد [illegible] [illegible] خالد [illegible]

[illegible]

نام [illegible] عمر [illegible]

میں عہد کرتا / کرتی ہوں۔

مددگار



کمرے کا دروازہ کھلا اور تین لوگ اجازت لے کر میرے کمرے میں داخل ہوئے۔ مجھے ہیڈ آفس سے ان کی آمد کی اطلاع پہلے ہی مل چکی تھی۔ میں نے سرسری سا ان کے چہروں کی جانب دیکھا۔ وہ پر تعارف ... تھے۔ یہ لوگ ... کمپنی کے سٹاف میں سے تھے جو حال ہی میں ہماری کمپنی میں ضم ہوئی تھی یہ لوگ میرے ماتحت کے طور پر آئندہ کی جاب سنبھالنے کے لیے آئے تھے۔

دو ... تعارف ... ہوا تو میں تیسرے کی جانب متوجہ ہوا۔ وہ میری نظر اس کے چہرے پر ٹھہری تو میں اسے پہچان چکا تھا مگر اس کی آنکھوں میں پہچان کا کوئی رنگ نہیں تھا۔ وہ مجھے پہچانتا بھی کیسے سکتا تھا۔ "وہ چہرے پر خوشدلانہ مسکراہٹ لیے اپنے تعارف میں ... جا رہا تھا۔ مجھے صرف اس کے ہلتے ہوئے ہونٹ نظر آ رہے تھے کیونکہ میں تو مئی 24 مارچ 1999ء ... اس محفل میں پہنچ چکا تھا جب میں اس شخص سے پہلی بار ملا تھا۔

☆ ☆ ☆

دوسری مرتبہ ... ایک مشہور کمپنی کا ہال امیدواروں سے بھر چکا تھا۔ یہ وہ لوگ تھے جنہیں ... کا ... سے سب سے موزوں سمجھا گیا تھا۔ میں جب ہال میں پہنچا تو ... زیادہ امیدوار ... سے تو مایوس ہو کر میں نے اپنے ہاتھ میں پکڑی فائل پر ... مضبوط کی ... میری سب سے قیمتی اثاثہ تھا، میری تمام ... جس میں میری ... پوزیشنز تھیں ... میں نے اسے مضبوطی سے پکڑا اور ... آیا اور

تمام ہال کا جائزہ لے کر نگاہ ہال میں ہر رنگ کے لوگ موجود تھے ... جب پیار ... جھلکتے ہوئے چہرے کہیں بجھی آنکھیں اور عامیانہ سب اور کہیں جا ... آنکھیں ... بولتے ہوئے۔ میں ہر چہرے کو بارل بارل ... ہوا تو ... جانب متوجہ ہوا جو ... برنگ ... اور ... کسی ... سادہ سے ... ہوئے اور ... تھا ... ہال میں ... غور ... ساتھ کہ میرے ساتھ بیٹھے ... نے مجھے مخاطب کیا۔

"کیوں بھائی صاحب! ... آئے ہیں؟" وہ بہت مطمئن لگ رہا تھا۔

"میں ... کے لیے آیا ہوں۔" میں نے اس ... سوال کا جواب دیکھتے ہوئے کہا۔ جہاں سے امیدوار انٹرویو کے لیے جا رہے تھے۔

"اچھا ... کے لیے" وہ بولا۔

"سنو بھائی! ... دیکھ رہے ہو ... امیدوار ہیں ... یہ ... لگتا ہے کہ تم کامیاب ہو جاؤ گے؟" اچانک اس نے میرے گھٹنے پر ہاتھ رکھ کر سوال کیا۔

"کیوں نہیں ... میرے پاس بہترین تعلیمی ریکارڈ ... کسی قدر تجربہ بھی موجود ہے میری کامیابیوں کا ... مجھے اپنی قابلیت پر بہت بھروسہ ہے۔"

"تعلیمی ریکارڈ ... تجربہ ... یہاں سب ... رہتے ہو ... کا ... قابلیت سے کوئی تعلق نہیں ... سفارشیں چلتی ہیں۔" اس نے میری فائل کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ "تم وقت ضائع کر رہے ہو ... سیلیکشن ہو چکی ہے ...

تو بس نام کا ہے۔۔۔" وہ میرے کان کے بہت قریب آ کر بول رہا تھا۔ میں خاموشی سے اسے دیکھنے لگا تو وہ ہنس دیا۔

یقین نہیں آیا؟ کوئی بات نہیں کل پرسوں تک [illegible] جائے گا جب تمہیں معلوم ہو گا [illegible] سیٹ سے [illegible] وہاں [illegible] ہے۔" یہ کہتے ہوئے وہ وہاں سے اٹھ گیا کیوں کہ اس کا نام [illegible] جاتے ہوئے [illegible] سفارش [illegible] میرے کانوں میں یہی جملہ گونجتا رہا، یہاں تک کہ وہ واپس آ کر بیٹھ گیا۔ وہ بہت مطمئن نظر [illegible] تھا وہ مجھ سے [illegible] باتیں [illegible] میں [illegible] تھوڑی دیر بعد مجھے بھی [illegible] تو میں [illegible] کمرے میں داخل ہوا۔ میرا انٹرویو بہترین ہوا۔۔۔ مجھے سامنے بیٹھے ہوئے لوگوں [illegible] متاثر ہو جانے [illegible] نظر آ رہی تھی۔ مجھے یقین تھا [illegible] مجھے [illegible] ضرور بلائیں گے اور وہی ہوا، انٹرویو ختم ہو جانے [illegible] لوگوں کے ناموں کی لسٹ لگا دی گئی [illegible] اگلے ہی روز بلایا گیا تھا اور اس لسٹ میں میرا اور طاہر زمان کا نام ایک ساتھ ہی درج تھا۔

"اچھا یار!۔۔ کل ملیں گے۔" وہ اب بھی پُراعتماد اور مطمئن تھا جیسے نوکری اسی کی ہے۔

"ہاں دوست!۔ کل ملیں گے۔۔۔" میں پہلی بار کھل کے مسکرایا اور اس سے گرم جوشی سے ہاتھ ملایا۔

"اور ہاں۔ [illegible] کل معلوم ہو جائے گا کہ تمہارے پاس زیادہ بڑی سفارش ہے یا میرا مددگار زیادہ طاقت ور ہے۔۔۔" اس [illegible] حیرت دور کرنے کے لیے رکا نہیں۔

وہاں سے میں سیدھا اپنے گھر آیا تھا اور نماز ظہر کے بعد [illegible] اپنے رب سے [illegible] میں نے بہت گڑگڑا کر اس سے کہا تھا:

"مولا!۔ لوگوں کے پاس بہت اونچی سفارشیں ہیں، لیکن میرا تو صرف تو ہی مددگار ہے۔۔ اور جس کا تو مددگار ہو کامیابی تو بس اسی کی ہوا کرتی ہے۔ بس تو میرے لیے کافی ہو جا"

